لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ ربیع الثانی ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۱ فروری ۱۹۱۸ء | جلد ۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بحالی محمد ابراہیم صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار	۱ و ۲
۲	رخصت خورشید حسن پیشکار	
۳	انتظام سلسلہ آسامی حافظ اسمٰعیل مرحوم	۲
۴	حلیہ اشخاص ڈلیرو جرائم پیشہ	۲ و ۳ و ۴
۵	اضافہ وصی حیدر	۴
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۵ فروری ۱۹۱۸ء

استدعا منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط خاص جیف سکریٹری بہادر

اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض | میر سامنے

جناب عالی

حافظ محمد ابراہیم صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار کے تقرر کے وقت عرض ہوا تھا

کہ علاوہ تنخواہ دو سو روپیہ ماہوار ہنگام دورہ بیرونجات اُن کو دو روپیہ یومیہ بھتہ دیا جاوے گا۔ اُسوقت اتفاقاً یہ بات نظرانداز ہوگئی کہ بموافق سرکلر بھتہ مجریہ ریاست دو سو روپیہ کے ملازم کو تین روپیہ یومیہ بھتہ ملتا ہے۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار کی تحریر منسلکہ سے اب یہ بات دریافت ہوئی لہذا ذریعہ عرضداشت ہذا گذارش ہے کہ بوجہ مذکورہ بالا صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار کو یوم تقرر سے بجائے دو روپیہ یومیہ کے تین روپیہ یومیہ بھتہ عطا ہونے کی منظوری صادر ہوکر اجرائے احکام کیلئے ارشاد نافذ فرمایا جاوے۔ زیادہ حد ادب

دستخط عبدالمجید خاں ریونیو سکرٹری
۲ فروری ۱۹۱۸ء

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
رخصت

۲ فروری ۱۹۱۸ء

خورشید حسن پیشکار سررشتہ انہار کی رخصت ۲ فروری ۱۹۱۸ء سے ۱۱ فروری تک بغرض شرکت شادی و ادائے شہادت بعدالت سشن جج میرٹھ منظور کی گئی۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
واقع ۲ فروری ۱۹۱۸ء

دربارہ انتظام آسامی حافظ اسمٰعیل مرحوم اہلمد اجلاس نظامت

یہ کاغذات پیش ہوئے۔ حافظ اسمٰعیل اہلمد نظامت مشاہرہ دار بائیس روپیہ ماہوار کا انتقال ہوگیا ہے جسکے اخراج نام کی بابت بخشیگری کو جداگانہ حکم بھیجدیا ہے۔ ناظم صاحب نے منجملہ دیگر انتظامات کے بجائے اہلمد متوفی احمد رضا خاں محرر سررشتہ ملک کے تبادلہ کی بھی سفارش کی ہے اور زبانی بھی سفارش کی تھی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بجائے حافظ اسمٰعیل اہلمد متوفی کے احمد رضا خاں محرر سررشتہ ملک کا تبادلہ کیا جاوے۔ اور آئندہ احمد رضا خاں کو اہلمدی نظامت پر ۲۲ روپیہ ماہوار تنخواہ دی جاوے۔ بجائے احمد رضا خاں کے امیر حسن امیدوار صدر کا تقرر امتحاناً چھ ماہ کیواسطے منظور کیا جاتا ہے اس عرصہ میں امیر حسن وہی تنخواہ پاوے جو احمد رضا خاں محرر سررشتہ ملک پاتا تھا۔ بعد چھ ماہ تحصیلدار رپورٹ بھیجیں کہ امیر حسن نے کیا کام کیا۔ اُسوقت نسبت مستقلی وغیرہ حکم مناسب ہوگا۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط ریونیو سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
اندراج اسمار جرائم پیشہ

۲ فروری ۱۹۱۸ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس حلیہ مع اسمار اقوام ڈلیرہ جرائم پیشہ مندرجہ رجسٹر تھانہ ملک کا درج گزٹ کیا گیا۔

حلیہ اقوام ڈلیرہ جرائم پیشہ مندرجہ رجسٹر تھانہ ملک۔

نمبر شمار	نام مع ولدیت و قومیت	سکونت	حلیہ	کیفیت
۱	بلدیو ولد شیو رام قوم ڈلیرہ	موضع کوب	سیاہ رنگ گول چہرہ کشادہ ابرو و پیشانی دونوں کان چھدے ہوئے بائیں کان کی گدیا پھٹی ہوئی عمر پچاس سال۔	
۲	رامدیال ولد ہرلال عرف بھول سنگھ عرف ہردیال ڈلیرہ	"	سانولہ رنگ گول چہرہ آنکھ ناک ابرو کشادہ ابرو بائیں بھوں کے اوپر ایک سیاہ۔ گردن پر بائیں جانب	

نمبر	نام مع ولدیت و قومیت	سکونت	حلیہ	کیفیت
			بیچ داغ نیلے گودے ہوئے دونوں کان چھدے ہوئے - عمر چھتیس ۳۶ سال -	
۳	گول ولد ڈلو ڈلیرہ	موضع کوپ		اس ڈلیرہ کا حلیہ علیحدہ درج نہیں ہے
۴	گوبند عرف گوبندا ولد ٹیکا رام ڈلیرہ	″	سانولہ رنگ کتابی چہرہ کشادہ پیشانی اوسط قد منہ پر چھائیاں پڑی ہوئی دونوں کان چھدے ہوئے منہ پر مختلف مقامات پر تل سیاہ عمر پچیس ۲۵ سال -	
۵	ٹوسکو عرف رام سکھ ولد ٹیکا رام ڈلیرہ	″	سیاہ رنگ گول چہرہ آنکھ ناک اوسط کشادہ ابرو دونوں کان چھدے ہوئے بائیں کان کی برابر ایک نشان چوٹ بائیں ران کے اوپر ایک نشان پھوڑا بقدر ایک روپیہ عمر تینتیس ۳۳ سال -	
۶	ڈلو ولد ٹیکا رام ڈلیرہ	″	سانولہ رنگ فراخ پیشانی کشادہ ابرو آنکھیں ناک اوسط بائیں کنپٹی پر چار تل سیاہ بائیں جانب گردن پر دو تل سیاہ سینہ پر ایک تل سیاہ بڑا بائیں جانب پسلی پر چار نشانات برص کے چھوٹے دہنے پاؤں کی پنڈلی پر ایک نشان پھوڑے کا اوسط قد اکہرا جسم عمر ساٹھ سال	
۷	بدلو عرف بدلوا عرف ٹیکا ولد جگی ڈلیرہ -	″	سانولہ رنگ لانبا چہرہ آنکھ ناک اوسط دونوں کان چھدے ہوئے آنکھیں بڑی	
		کوپ	بائیں جانب گردن پر ایک تل سیاہ بائیں ران پر ایک نشان پھوڑا بقدر اٹھنی اکہرا جسم عمر ۴۰ سال	
۸	کلو عرف بھوپال عرف بھوپا عرف بھول سنگھ ولد ہلو عرف نتے ڈلیرہ	″	سیاہ رنگ لانبا چہرہ آنکھیں بڑی بائیں آنکھ کے نیچے ایک مسا سیاہ اور بھوں کے اوپر تل سیاہ - دونوں کان چھدے ہوئے بائیں کان کے اوپر ایک مسا سیاہ عمر ۲۹ سال	
۹	موہن عرف پورن ولد نند رام عرف تنگو رام عرف ننگو ڈلیرہ	″	سانولہ رنگ گول چہرہ چیچک رو کشادہ ابرو دہنے کان کے اوپر ایک مسا سیاہ دونوں کانوں کی لویاں چھدی ہوئی - اکہرا جسم عمر ۲۰ سال	
۱۰	موتی ولد ہولاسی ڈلیرہ	″	سانولہ رنگ گول چہرہ فراخ پیشانی داڑھی ندارد مونچھیں رکھتا ہے عمر تحریر نہیں ہے -	
۱۱	سلو عرف دیبی عرف لیکھراج عرف رام سنگھ عرف لالہ رام عرف چنی عرف نتھو عرف گھوکر عرف موہن عرف برکی عرف چندا ولد جیا عرف چمن عرف چوکو عرف بلا عرف بلا عرف نیت رام عرف منا عرف رام لال عرف ترل عرف نند رام ڈلیرہ -	″	سانولہ رنگ لانبا چہرہ فراخ پیشانی کشادہ ابرو آنکھ ناک اوسط بائیں آنکھ کی برابر دو نشان پھوڑے کے عمر ۳۰ سال -	
۱۲	چمراج عرف گوپال عرف جوری ولد درجن عرف چندو عرف جنسی ڈلیرہ	″	سانولہ رنگ گول چہرہ آنکھ ناک اوسط دہنی کنپٹی پر ایک داغ پھوڑے کا دونوں کان چھدے ہوئے بائیں ران پر ایک داغ پھوڑے کا بقدر ایک روپیہ بائیں ہاتھ کی کلائی پر نشان پھوڑا - عمر ۲۰ سال	

نمبر شمار	نام مع ولدیت و قومیت	سکونت	حلیہ	کیفیت
۱۳	چھوٹے ولد وجن لیرہ	کوپ	گندم رنگ گول چہرہ آنکھ ناک اوسط دونوں کان چھدے ہوئے داہنی آنکھ کے اوپر ایک نشان پھوڑا اور اسی آنکھ کے نیچے ایک تل سیاہ عمر ۲۵ سال ۔	
۱۴	بدھا ولد لچھمن	؍؍	×	اس لیرہ کا حلیہ رجسٹر میں درج نہیں ہے

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

اضافہ

۸ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس وصی حیدر مشاہرہ دار آٹھ روپیہ ماہوار کو دو روپیہ ماہوار اضافہ دیکر بجائے فضل شاہ ہیڈ کانسٹبل متوفی ہیڈ کانسٹبل مقرر کیا گیا ۔

مطبوعہ ۱۸ فروری ۱۹۱۸ء [illegible]

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور از ابتدا ۴ لغایت ۱۰ فروری ۱۹۱۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ار	۱۰۶ ار	[illegible] ار	۱۰۶ ار	۷ ار	۱۰۶ ار	
نخود خالص	۸ ار	۱۰ ار	۱۱ ار	۱۰ ار	۱۳ ار	۱۰ ار	
نخود کرآمیز	۹ ار	۱۱ ار	[illegible] ار	۱۱ ار	۱۰۱۳ ار	۱۱ ار	
کتہ	۱۱ ار			۱۰۱۱ ار	۱۳ ار	۱۰۱۱ ار	
ماش	۵ ار	۸ ار	۸ ار	۱۰۷ ار	۸ ار	۸ ار	
مونگ	۱۰۸ ار	۱۰۸ ار	۸ ار	۰	۸ ار	۹ ار	
مکئی	۱۱ ار	۱۱ ار	[illegible] ار	۱۰۱۲ ار	۱۳ ار	۱۱ ار	
جئی	۱۳ ار	۰	۰	۰	۱۵ ار	۱۰۱۳ ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۰ ار	۱۲ ار	
عدس	۱۰۹ ار	۰	۸ ار	۰	۱۰۹ ار	۰	
ارہر	۱۱ ار	۹ ار	۰	۰	۱۰۱۳ ار	۰	
برنج	۶ ار	۷ ار	۱۰۶ ار	[illegible] ار	۱۰۷ ار	۷ ار	
روغن زرد	۰۱۱ ار	۰۱ ار	۰۱ ار	۰۱۱ ار	۰۱۱ ار	۰۱ ار	
روغن سیاہ	[illegible] ار	۳ ار	۳ ار	۳ ار	[illegible] ار	۳ ار	
روغن کنجد	[illegible] ار	۱۰۱ ار	[illegible] ار	[illegible] ار	۱۰۱ ار	[illegible] ار	
نمک سانبھر	۵ ار	۶ ار	۱۰۶ ار	۵ ار	۶ ار	۶ ار	
نمک لاہوری	۱۰۵ ار	۰	۵ ار	۴ ار	۱۰۷ ار	۶ ار	
قند سیاہ	۶ ار	۷ ار	۷ ار		۷ ار	۷ ار	
باجرہ	۹ ار	۱۰۵ ار	[illegible] ار	۹ ار	۱۰۱۰ ار	[illegible] ار	